## سوال

(158) آٹھویں ذی الحجہ کو حاجی کہاں سے احرام باندھے گا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آٹھویں ذی الحجہ کو حاجی کہاں سے احرام باندھے گا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اپنی اقامت گاہ سے جیسا کہ صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے حجۃ الوداع میں اپنی قیام گاہ (ابطح) سے احرام باندھا تھا تو جو مکہ مکرمہ میں ہوں اپنے گھر سے احرام باندھیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سابقہ حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول (جو شخص میقات کے اندر ہو وہ اپنے گھر والوں کے پاس سے احرام باندھے یہاں تک کہ اہل مکہ اپنے گھروں سے احرام باندھیں) یہی بتا رہا ہے اور یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

**صفحہ: 248**

محدث فتویٰ